نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

5 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

003/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کا گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قتل پر بیان

واشنگٹن (5 جنوری 2011ء)___ ہم پاکستان میں گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ مجھے پاکستان میں گورنر تاثیر سے ملاقات کا موقع ملا تھا اور میں نے رواداری کے فروغ اور پاکستان کی مستقبل کی نسلوں کی تعلیم کیلئے اُن کے کام کو سراہا تھا۔ اُن کی وفات ایک عظیم نقصان ہے۔ ہمیں گورنر تاثیر کی اہلیہ اور بچوں سے گہری ہمدردی ہے۔

امریکہ پاکستان کے عوام اور حکومت کی جانب سے اپنے ملک میں امن اور استحکام لانے کیلئے ثابت قدمی سے چلائی جانے والی مہم میں مدد فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔